15/06/2026

12.30 pm

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں **عابدہ اختر**

خیر مقدم

عالمی لیڈروں نے امریکہ اور ایران کے بیچ طے پائے امن معاہدے کا وسیع خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ مغربی ایشیا میں امن و استحکام کے قیام کے لئے یہ ایک بڑی سفارتی کامیابی ہے ۔ قطر کے وزیر اعظم شیخ محمد بن عبدالرحمان، برطانیہ کے وزیر اعظم Keir Starmer ، جرمنی کے چانسلر Friedrich Merz اور فرانس کے صدر Emmanuel Macron نے اس معاہدے کی فوری عمل آوری کی ضرورت اجا گر کرتے ہوئے آبنائے ہرمُز کے جلد سے جلد کھولے جانے کی اہمیت اجا گر کی ہے ۔

امریکہ ایران

واضح رہے کہ امریکہ اور ایران نے مغربی ایشیا میں 107 روزہ جنگ کو ختم کرنے اور آبنائے ہرمُز کو کھولے جانے سے متعلق ایک معاہدہ طے کیا ہے ۔تیل کی عالمی سپلائی کے پانچویں حصے کا گزر اسی آبی راہداری سے ہوتا ہے ۔

اس امن معاہدے پر 19 جون کو سویزرلینڈ میں دستخط کئے جائیں گے ۔ امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ وہ ایرانی بندرگاہوں پر عائد پابندیوں کو ہٹائیں گے اور آبنائے ہرمُز ،معاہدے پر دستخط کے بعد جمعہ کے دن کھلے گی ۔ انہوں نے کہا کہ یہ معاہدہ پورے خطے میں امن اور سلامتی کو یقینی بنائے گا ۔

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی آج Slovakia میں اپنے ہم منصب Robert Fico کے ساتھ باہمی میٹنگ کرنے کے علاوہ Slovakia کے صدر Peter Pellegrini سے بھی ملاقات کررہے ہیں ۔

کے تعلقات میں مزید لچک Slovakia وزیر اعظم نے کہا کہ ان کے اس دورے سے بھارت اور Slovakia آنے کے علاوہ دونوں ملکوں کے بیچ تعاون اور اشتراک کے نئے دریچے کھلیں گے ۔ پہنچنے پر بھارتی برادری اور وہاں کے اعلیٰ لیڈروں نے وزیر اعظم کا شاندار استقبال کیا ۔

کی آزادی کے بعد سے کسی بھی ہندوستانی وزیر اعظم کا وہاں کا پہلا Slovakia 1993ء میں کا Slovakia دورہ ہے ۔ اس سے قبل بھارت کی صدر جمہوریہ دروپدی مر مو نے 2025 میں دورہ کیا تھا ۔

کا 52 واں سربراہ اجلاس بھی شروع ہو رہا ہے G7 شہر میں آج سے Evian دریں اثناءفرانس کے ۔ وزیر اعظم اس اجلاس میں کل شرکت کرنے والے ہیں ۔

سیاح

کشمیر میں آج کل سیاحوں کی ایک بڑی تعداد موجود ہے ۔ ملک کی دیگر ریاستوں میں شدید گرمی کے پیش نظر وہ یہاں کے قدرے معتدل آب و ہوا سے لطف اندوز ہو رہے ہیں ۔

ملک اور بیرون ملک سے آنے والے سیلانی کشمیری لوگوں کی مہمان نوازی اور خندہ پیشانی سے بھی متاثر ہو رہے ہیں ۔

------Tourists------

NEET

انڈر گریجویٹ میڈیکل ایجوکیشن میں داخلے NEET نے NTA امتحانات سے متعلق قومی ایجنسی کے لئے دوبارہ امتحانات کے ایڈمِٹ کارڈس جاری کئے ہیں ۔

سے ڈاون لوڈ کر سکتے ہیں ۔ یہ neet.nta.nic.in کی ویب سائٹ NTA امیدوار یہ ایڈمِٹ کارڈ دوبارہ امتحان 21 جون کو دوپہر دو بجے سے شام 5 بج کر 15 منٹ تک لیا جائے گا ۔

اپنی بنک Refund امیدواروں سے کہا گیا ہے کہ وہ ایڈمِٹ کارڈ ڈاون لوڈ کرنے سے پہلے تفاصیل کی ایک بار جانچ کریں ۔

ایل جی ملاقات

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا سے لوک بھون سرینگر میں کئی اہم شخصیات نے ملاقات کر کے اپنے اپنے شعبوں سے جڑے معاملات پر ان کے ساتھ گفت شنید کی ۔

ملاقات کرنے والوں میں سابق مرکزی وزیر ڈاکٹر کرن سنگھ// ایم ایل اے جسروٹا راجیو جسروٹیہ// ضلع ترقیاتی کونسل شوپیان کے سابق وائس چیرمین عرفان منہاس // جموں کشمیر میں سینٹر کے سینئر ڈائریکٹر سنجے کمار پوری // اور محبوب العالم سپورٹس Informatics نیشنل کلب کشمیر کے منیجر شبیر احمد شاہ کی قیادت والا ایک وفد شامل ہیں ۔

اننت ناگ

Unity Cup ڈپٹی کمشنر اننت ناگ ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے ضلعے کے سپورٹس سٹیڈیم میں کا افتتاح کرنے کے موقعہ پر ضلع بھر میں کھیل کود کے بنیادی ڈھانچے کو اَپگریڈ کرنے 2026 کا یقین دلایا ہے ۔

ٹورنامنٹ کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر موصوف نے کہا کہ کھیل کود نظم و ضبط کو فروغ دینے اور طرزِ زندگی کو نشے سے پاک بنانے کا ایک اہم وسیلہ ہے ۔ افتتاحی تقریب کے موقعہ پر مقامی کرکٹ کھلاڑیوں ، کھیل شائقین اور عام لوگوں کی ایک اچھی خاصی تعداد موجود تھی ۔

سکاسٹ

سکاسٹ کشمیر کے انڈر گریجویٹ کورس کی 9 سو داخلہ نشستوں کے لئے منعقدہ امتحان میں تقریباً 17 ہزار امیدواروں نے شرکت کی ۔ امتحان کے انعقاد کے لئے سخت حفاظتی ودیگر انتظامات کئے گئے تھے ۔

امتحان سرینگر اور جموں کے بیس مراکز میں منعقد ہوا ۔ یونیورسٹی کی انتظامیہ کے مطابق امیدواروں کی غیر معمولی دلچسپی ادارے کے جدید نصاب اور معیاری تعلیمی نظام پر اعتماد کا مظہر ہے ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

************